Date

سوال:
تہذیب و تمدن سے کیا مراد ہے؟ اسلامی تہذیب کی خصوصیات بیان کیجئے؟

تعارف

تہذیب کسی بھی معاشرے کا ایک اہم ستون ہوتی ہے جس سے کسی معاشرے کو سمجھا جاتا ہے۔ اس سے مراد کسی معاشرے کو بسانے کے ہیں۔ تہذیب و تمدن کے دو مختلف معنی ہیں۔ تہذیب ایک پیڑ کی جڑ ہے اور اس سے نکلنے والی شاخیں کو تمدن کہتے ہیں۔ تہذیب کی اپنی خصوصیات ہیں جن میں شامل شہر، فن تعمیر، اور نظام عدالت ہیں۔ جس کو ملا کر ایک تہذیب جنم لیتی ہے۔

تہذیب و تمدن

تہذیب کے لغوی معنی ہیں **"بسانے"** کے ہیں اور اس کو اردو زبان میں صاف کرنے کے بھی ہیں۔
تمدن کے معنی کسی شہر کو بسانے کے ہیں۔

ڈاکٹر عمر فاروقی کے مطابق:

"کسی تہذیب میں
جوتے، بوتے اور اگانے کے استعمال میں ہیں۔ جس میں جوتنے کا مطلب زمین کو جوتنا نہیں بلکہ لوگوں کے انفرادی اور اجتماعی ذہن بنانا ہے۔ اس میں بونے کا مطلب بیج نہیں بونا بلکہ ذہنوں میں تصورات کو تشکیل دینا ہے اور اگانے کا مطلب زمین میں اناج

فصلوں کو اگانا نہیں بلکہ لوگوں کو ذہنی طور پر تیار کرنا ہے جو کسی معاشرے کی عکاسی کرتے ہیں"

تہذیب کی خصوصیات

۱- تہذیب ایک علاقے میں پائی جاتی ہے:

ہر تہذیب کا ایک شہر ہوتا ہے اور ہر شہر کو بسانے کیلئے اس کی اپنی تہذیب ہوتی ہے جو ایک علاقے میں رہنے والے لوگوں میں پائی جاتی ہے جن سے ان لوگوں کو پہچانا جاتا ہے۔ لوگ اس تہذیب کو آپس میں ملنے کے بعد مل جوڑ کر بناتے ہیں۔

> "شہر صرف عمارتوں کا مجموعہ نہیں بلکہ انسانی اقدار اور تہذیب کا عکس ہوتی ہے"
> (سبزرو)

2- ہر علاقے کا اپنا ایک منظم مرکزی حکومت ہوتی ہے:

ہر علاقے کے رہنے والوں کا ایک منظم مرکزی حکومت ہوتی ہے جن سے ان لوگوں کو منظم کرنے کے لیے تو ایک حکومت کے اندر رہ کر وہ سب کام کرتے ہیں اور ان کو اس مرکزی حکومت کے ذریعے کنٹرول کیا جاتا ہے۔

Date ....

> "ایک منظم مرکزی حکومت ہی لوگوں کو انتشار سے نکال کر نظم و ضبط کی طرف لے کر آ جاتا ہے"
> (نوم چومسکی)

3- ان لوگوں کا اپنا ایک پیچیدہ مذہب ہوتا ہے:

لوگوں جب ایک دوسرے کے مسائل حل کر کے کوئی تہذیب کو جنم دیتے ہیں تو ایک مذہب ان کا بنتا ہے جیسا کہ اسلام کو مدینہ میں پروان چڑھایا گیا تو اسلام کی اپنی تہذیب نے جنم لیا اسی طرح اسلام کی تہذیب سب تہذیبوں سے علیحدہ ہے۔

> "جب مذہب فطری عمل سے ہٹ جاتا ہے تو وہ اپنی اصل روح کھو دیتا ہے"
> (جوزف گنگل)

4- تہذیب میں رہنے والے لوگوں کے معاشرتی طبقات:

تہذیب میں رہنے والے تمام لوگ برابر نہیں ہوتے بلکہ ہر کسی کی اپنی قوم ہوتی ہے اور ان میں مختلف لوگ مختلف قبیلوں سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ مکہ میں قریش قبیلے کے کئی طبقات تھے اور ان کی اپنی اہمیت تھی۔

Scanned with CamScanner

"طبقاتی نظام معاشرے میں ناہمواری پیدا کرتی ہے"
(امام بن علی)

5- تہذیب کی اپنی تحریر ہوتی ہے:-

تہذیب کی اپنی تحریریں ہوتی ہیں جن کے ذریعے وہ اپنی تہذیب کے اصولوں کو نسل در نسل اگلے لوگوں میں منتقل ہوتی ہیں تو تحریر ایک تہذیب میں بنیادی کردار رکھتی ہیں۔

"تحریر انسان کے خیالات کو نسل در نسل منتقل کرتی ہیں"
(نوم چومسکی)

6- فن اور فن تعمیر کا گہرا تعلق تہذیب کے ساتھ:-

ایک تہذیب کا فن اور فن تعمیر بہت اہمیت کے حامل ہیں کسی تہذیب کو اگر اس کے ختم جانے کے بعد اس کے فن تعمیر سے اس کو پہچانا جاتا ہے۔ تو لوگ اس تہذیب میں فن اور فن تعمیر کو ایک اہمیت حاصل ہے

"فن اور تعمیرات کسی جمالیاتی حسن اور فکری بلندی کی خاموش زبان ہوتے ہیں"

Scanned with CamScanner

Date

7- تہذیب کے لوگوں کی تعمیرات عامہ کا کام:-

تہذیب میں رہنے والے لوگ اس علاقے میں اچھے ہوئے تعمیرات بناتے ہیں جن میں نہریں وغیرہ بنانا موجود ہیں۔ انگریزوں نے ہندوستان میں ریل گاڑی کی پٹریاں بنائی تاکہ لوگ ان کو بعد میں دیکھ کر کہہ سکیں یہ اس تہذیب کے لوگوں نے بنائی ہے۔

> "عوامی فلاحی منصوبے ریاست کی اخلاقی ذمہ داری اور تہذیبی بلوغت کا عملی اظہار ہے"
>
> (جوزف کنگ)

8- تہذیب کی جغرافیائی سرحدوں کی موجودگی:-

تہذیب کی اپنی ایک جغرافیائی حدود ہوتی ہیں جن کے اندر رہنے والے لوگوں کو پہچانا جاتا ہے جیسے ہندوستان میں رہنے والے لوگوں کی اپنی ایک تہذیب تھی جس کے ذریعے ان کی جغرافیائی ہند کے لفظ کے ذریعے ان کو پہچانا جاتا ہے۔

> "واضح جغرافیائی سرحدیں ریاستی نظم، شناخت اور خود مختاری کو مضبوط کرتی ہیں"
>
> (نوم چومسکی)

۶- مستحکم معاشی نظام :-

تہذیب کے لوگوں کا اپنا ایک مستحکم معاشی نظام ہوتا ہے جس طرح اسلام اپنے تہذیب کے لوگوں کو ایک منفرد معاشی نظام دیتا ہے تاکہ معاشرہ میں امن قائم رہے اور اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔

> "معاشی استحکام ہی سماجی فلاح اور ریاستی خودداری کی بنیاد ہے"
> (جون سی)

۱۵- تہذیب کے لوگوں میں استعمال ہونے والی ٹیکنالوجی -

جب مختلف قسم کے لوگ ایک جگہ اکٹھے ہوتے ہیں تو اس طرح ترقی ہوتی ہیں مختلف چیزوں میں جیسا کہ جاپان میں بم موجود تھا جو اٹیمک تھا تو دنیا کے بہت سارے لوگوں سے پہلے آچکا تھا پر انھوں نے دنیا میں پھیلا نہیں۔

> "ٹیکنالوجی علم کو طاقت دیتی ہے اور تہذیب کو اقتدار عطا کرتی ہے"
> (نوم چومسکی)

Scanned with CamScanner

Date

11۔ نظامِ عدالت ہر تہذیب کا علیحدہ ہوتا ہے:۔

لوگوں کو ایک جگہ منظم اور پرسکون معاشرہ میں رکھنے کے لیے ایک عدالت کا نظام جنم دیتی ہے اسلام نے معاشرے میں امن کو قائم کرنے کے لیے عدالت کا نظام دیا ہے تاکہ لوگوں کو آپس میں جوڑ کر رکھے۔

> "عدالتی نظام ہی لوگوں کو انصاف فراہم کر سکتا ہے اگر انصاف پر ہو"
> (ابنِ خلدون)

12۔ تہذیب کا تعلیم کا نظام:۔

علم ہر تہذیب کے لوگوں میں کسی نہ کسی صورت میں پایا جاتا ہے تاکہ وہ ترقی کر سکیں اور اسلام نے علم حاصل کرنے پر زیادہ زور دیا ہے تاکہ مسلمانوں کو علم حاصل کرنے کی طرف راغب کیا جائے۔

> "ہر مرد و عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے"
> (بخاری)

13۔ تہذیب کا ذرائع ابلاغ ہونا:۔

تہذیب اہم چیزوں یا پیغامات کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کے لیے ذرائع ابلاغ کی ضرورت پڑتی ہے تو شروع میں کچھ تہذیبوں نے کبوتروں کا استعمال کیا۔ کچھ گھوڑوں پر سے کروایا کرتے تھے تاکہ لوگوں تک اپنا پیغام پہنچا سکیں۔

> "آج کے جدید دور جنگ میں ذرائع ابلاغ کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنا نہایت ضروری ہے"

۱۴- دفاعی نظام کو لاگو کرنا:

تہذیب کا اپنا جغرافیائی حدود کے ساتھ ایک دفاعی نظام بھی ہوتا ہے تاکہ وہاں کے لوگوں کے لیے محفوظ معاشرہ بنایا جا سکے اور باہر کے حملہ آوروں کو روکا جا سکے۔ اسلام کے شروع کے دنوں میں حملہ آوروں سے بچنے کے لیے ہر وقت لوگ چوکنا اور نیام میں تلوار لے کر گھوما کرتے تھے۔

> "دفاعی نظام آج دورِ حاضر کی اہم ترین ضرورت بن گیا ہے"
> (آرٹس نوٹس)

Ittefaq

Scanned with CamScanner

Date

15- تہذیب کی ثقافت اقدار ہونا:

تہذیب کی اپنی ایک ثقافت ہوتی ہے جو وہ اپنے خوشی اور غمی کے تہواروں میں مناتے ہیں۔ جیسا کہ پاکستان میں شادیوں پر ڈھول وغیرہ بجائے جاتے ہیں تاکہ ثقافت کے عمل کو جاری رکھا جا سکے۔

> "ثقافت کے بغیر ایک تہذیب کی کوئی پہچان نہیں ہے"

حاصل کلام:

تہذیب و تمدن ایک معاشرہ کی پشت کا کام کرتی ہے جب مختلف لوگ ایک علاقے میں جمع ہو کر اکٹھے رہتے ہیں اور اقدار وغیرہ کا تعین کرتے ہیں ہر تہذیب کی اپنی خصوصیات ہوتی ہیں جن میں ان کا فن تعمیر، زبان اور نظام وغیرہ شامل ہیں۔ ہر تہذیب کو اس کی خصوصیات کی بنا پر علیحدہ سمجھا جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner